UNIVERSAL LIBRARY
OU_226226
UNIVERSAL LIBRARY

کتب خانہ جامعہ عثمانیہ

فويل للذين يكتبون الكتاب بايديهم ثم يقولون هذا من عند الله

ارغام النصاري

حصه اول

يعني

جناب ملا طٰهٰ وغيره علماي اسلام

اور

پادري ايم-جی-گولڈ اسمتھ کا

تحريري مباحثه

جس سے آيت عنوان کي صداقت مهر نيمروز هے

حيدرآباد دکن

١٣٠٩

اطلاع

رسالہ ہذا مین جو عبارت بعنوان " مولویصاحب " لکہی گئی ہے وہ علماي اسلام کا سوال ہے اور پادریصاحب کا جواب بعنوان " پادریصاحب " مرقوم ہے جسکی اصل اونکی دستخط خاص کے ساتہہ مولف کے پاس موجود ہے

اور جو کچہہ بعنوان " التماس " تحریر ہوا ہے اوسمین یا تو پادریصاحب کے جواب پر جرح کي گئی ہے یا وہ زبانی تقریر لکہی گئي ہے جو عین مباحثے مین ہوئي تہي •

نقذف بالحق علی الباطل فیدمغہ فاذا ھو زاھق

کچھ دنوں سے علمائے اسلام اور پادری یم-جی-گولڈ اسمتھ صاحب کے درمیان ہر روز بفصل یکشنبہ مسئلہ تحریف میں مناظرہ ہو رہا ہے لیکن پادریصاحب نے ایک سوال کے بھی جواب میں سرخروئی حاصل نہیں کی بلکہ یا تو تنگ آکے سخت و سست کہدیا یا یہ تمسک لکھدیا کہ اپنی بیبل مشکوک اور اجنبی فقرات پرحاوی ہے اس واقعے نے جیسے اسلام کے جان نثار خادموں کے ایمانی حوصلے اور قوتیں بڑھا دیں اسیطرح مخالفین پر اتمام حجت کرکے اونکو اونکے دین میں متزلزل یا اسلام کی طرف بالکلیہ مائل کردیا چونکہ اس واقعہ ایمان افزا کا لطف اکثر برادران دین کا چشمدیدہ نہیں لہذا ہم اوسکی داستان انوکھے طورسے سنا کر اونکو اپنے ایمانی حظ کا شریک بناتے ہیں اور نصرانیت کے بطلان کی تشہیرکے ساتھ اسلام کی حقیت کا آوازہ عالم میں پہیلاتے ہیں ع وبضدھا تتبین الاشیاء

پہلا اعتراض - خط اول یوحنا ۵: ۷ و ۸ کے متعلق - چنانچہ وہ عبارت یہ ہے - روح وہ ہے جو گواہی دیتی ہے کیونکہ روح برحق ہے

که تین هین جو (آسمان پرگواهي دیتے هین باپ اور کلام اور روح قدس اور یه تینون ایک هین اور تین هین جو زمین پر) گواهي دیتے هین روح اور پاني اور لهو اور یه تینون ایک پر متفق هین — اس عبارت مین ساتوین آیت کے پچهلے حصے اور آٹهوین آیت کے اگلے حصےکي نسبت(لفظ آسمان سے زمین پر تک) عیسائیون کے درمیان خصومت ونزاع جاري هي ایک بڑا گروه اوس فقرے کو تثلیث کے متعصبون کاجعل والحاق اور اپنے دانست مین واجب الحذف سمجهتاهے بلکه کئے نسخون مین سے حذف بهي کردیا هي چنانچه رویزڈورژن (بیبل کے ترمیم شده نسخے) مین وه فقره هي ندارد هي لیکن هنوز تمام عباد تخانون مین اس ترمیم شده نسخے کا رواج نهین هوا هي اور دوسرا بڑا گروه اوس فقرے کو اصلي والهامي اور تثلیث کي سند قاطع سمجهتا هي اور یه خیال کرتا هي که ایرین اورموحدین کي عیاري نے اوسکو کئے قدیم نسخون مین سے حذف کردیا هي ان دونو گروهون مین تحریري وتقریري ردوبدل مختلف زبانون مین آجتک جاري هي اس اختلاف کو دیکهکر بعض عیسائي محققون نے تصفیه سے امید قطع کرلي هي بهلا اس سے بڑهکر تحریف کا اور کیا اثر هوسکتا هي *

مولویصاحب — ایوحنا ۵ : ۷ و ۸ تین هین جو آسمان پرگواهي دیتے هین باپ اور کلام اور روح قدس اور یه تینون ایک هین اور تین هین جو زمین پر گواهي دیتے هین روح اور پاني اور لهو اور یه تینون ایک پر متفق هین — انتهي — کیا یه آیتین سب قدیم نسخون مین ایکسان هین *

پادریصاحب — قدیم یوناني نسخون مین یہ الفاظ نہین هین (آسمان پرگواهي دیتے هین باپ اور کلام اور روح قدس اور یہ تینون ایک هین اور تین هین جو زمین پر) لیکن لاطیني نسخون مین هین *

مولویصاحب — کیا یہ الفاظ انجیل مروجہ مین پائے جاتے هین *

پادریصاحب — پائے جاتے هین انگریزي مین صرف اتالکس مین لکہے جاتے هین اور اردومین براکٹ مین پائے جاتے هین *

مولویصاحب — کیا جوکتاب آپکے هاتہہ مین هی اور نیزدواور نسخے جو مین پیش کرتا هون اونمینبہييہ الفاظ قوسون مین لکھي هین *

پادریصاحب — ایک نسخے مین هین باقي دو نسخون مین قوسون مین نہین *

التماس — اگر فقرہ مذکورہ چند نسخون مین قوسون مین یا اتالکس مین پایا جاتا هي اور اس سبب سے اون نسخون کي مہتممون کے پاس وہ فقرہ مشکوک یا نزاعی یا واجب الحذف ٹہرتا هي جیسے اوس موحد یا ایرین تحریف ساز کا مقصود تہا جس نے اوس فقري کو قدیم نسخون مین سے بطور تحریف بالنقصان نکالڈالا تہا تو دوسري کئے نسخون مین وہ فقري اور فقرون کے برابر بغیر کسي نشان کے موجود هي پس اس وجہ سے بالضرور ان نسخون کي مہتممونکي پاس وہ فقرہ اصلی والہامی هی اوریہي مقصود تہا اوس مثلثي تحریف ساز کا جس نے اوس فقري کو بطور تحریف بالزیادت چند قدیمي نسخون مین بڑھا دیا تہا بہرحال هردو صورت مین (هرایک فریق کے قول سے) قصدي تحریف ثابت هو جاتے هي سچ فرمایا اللہ نے — **یاأهل الکتاب لم تلبسون الحق بالباطل**

اي کتاب والو حق کو باطل کے ساته (یعني اصلي و الهامي فقرون کو اپني تحریفي عبارتون کي ساته) کیون ملادیتے هو پهر فرمایا هي – یحرفون الکلم من بعد مواضعه – کلام کو بعد اسکي که او سکی جگهمین مقرر هو گئي هین پهیر دیتي هین یعنے کلام الهي کو اوسکي جگهه سی جو مقدس کتاب مین تهي نکالدیتي هین تو اوس کلام کے لئي کوئي جگه هی نهین رهتی (تا آنکه وه مفقود هو جاتا هي) اور اوسکي جگه دوسرا لفظ داخل کردیتي هین (رازي – ابوالسعود – خازن – مدارک) اور بهي فرمایا هي فويل للذين يكتبون الكتاب بايديهم ثم يقولون هذا من عندالله خرابي هي اون لوگون کي جو اپني هاتون سي نوشته لکهتي هین (یعني تحریفي نوشته – ابوالسعود وغیره) پهر کهتي هین که یه الله کي پاس کا هي –

مولویصاحب — یه الفاظ کتاب مین کسطرح داخل هوئي *

پادریصاحب — اراسمس نی اپني تیسري طبع سنه ۱۵۲۲ ع مین کوڈکس برٹانکس (نسخه قدیمي بیبل) کی اعتبار پر درج کیا اور یه نه اسلئي که اسکي اصلیت کا قایل تها *

مولویصاحب — اصلیت کي کیا معني هین *

پادریصاحب — اصلیت کي معني کلام الهي هونا هین *

مولویصاحب — یه الفاظ جو اکثر قدیم نسخون مین نهین هین اور انجیل مروجه مین پاي جاتی هین الهامي هین یا نهین *

پادریصاحب — انکا الهامي یا غیرالهامی هونا اس بات پر موقوف هي که وه کسي قدیمتر نسخي مین پائي جاوین اگر کوئي ایسانسخه ملي جو قدیمتر هو اور اس آیت کي باري مین کچه پایاجاوي توعیسائي

لوگ اوسپر غور کر سکینگے اس وقت میں کہہ نہیں سکتا کہ وہ الفاظ الہامي هیں یا نہیں*۔

مولویصاحب — آپکے اس جواب سے یہ نتیجہ نکلتا هی کہ قدیم نسخے جو موجود هیں اس خاص امر میں قابل اعتبار نہیں کیونکہ آپ انکے رو سے کوئی فیصلہ اس آیت کے کلام الہي هونے یا نہونے کے بارے میں نہیں کرسکتے مفسر اسکاٹ صاحب کي شہادت بهي اس نتیجے کي تائید کرتي هي وہ لکہتے هیں :—

It is well known that volumes have been written concerning part of the seventh verse and the beginning of the eight in order to prove or disprove the authenticity of the passage enclosed within crotchets. It is certainly wanting in many of the ancient manuscripts and versions and is not authenticated by many of the Fathers; but whether the Trinitarians interpolated it or the Arians and Unitarians omitted it, is to this day a matter of controversy and not likely to be fully determined.

ترجمہ — یہ ایک مشہور بات هي کہ ساتویں آیت کے جزء اخیر اور آٹهویں آیت کے جزء اول یعنے قوسوں میں کے الفاظ کے ثبوت اور تردید میں کئي جلدیں لکهي گئي هیں — بے شک یہ الفاظ قدیمي قلمی نسخوں اور ترجموں میں سے بہتوں میں نہیں پائي جاتے هیں اور اکثر علمای متقدمون بهي انکی اصلیت کي نسبت تصدیق نہیں کرتي هیں لیکن یہ امر کہ آیا اهل تثلیث نے اونکو الحاق کیا هي یا فرقہ آرین اور موحدین نے اونکو نکالڈالا هي آجتک زیر بحث هی اسکا کامل تصفیہ هونا ممکن نہیں

پادریصاحب — جو نسخے موجود هین اونسي ان الفاظ کی باري مین میرا اطمینان نہین هوتا کیونکه جنمین یه الفاظ هین وه ایک لاطینی نسخه هي جو قدیم یوناني نسخون کي مقابلے مین اونپر فوقیت نہین رکھتا اور وه الفاظ پهینکدینے کے قابل بهي نہین اور جبتک وه ضعیف الفاظ مضبوط نہووین یعني کسي قدیمتر نسخے کي تائید سے اپنی دعوی کو ثابت نکرین تبتک ضعیف رهینگي *

التماس — جب اصلي نسخون کي دوقسمین هین ایک تو وه جنمین فقره مذکوره موجود هي دوسري وه که جنمین وه فقره ندارد اور پهر نه اون نسخون کے اعتبار پر فقره مذکوره اصلي والهامي ٹهرایا جا سکتا هي اور نه ان نسخون کے بهروسے بر الحاقي وجعلي خیال کیا جا سکتا هي تو صاف ظاهر هي که دونو قسم کے نسخے اوس فقري کے باب مین قابل اعتبار نہین پس پادریصاحب کو ضرور تها که اس خاص باب مین اپنی موجوده نسخون کي بي اعتباری کے قایل هوجاتے مگر اس سے گریز کر کےجو کچهه اونهون نی چباتي هوئي کهاهي سو وه جواب هو نہین سکتا خیر کچهه هي هو مگر اونهین کے اعتراف سے یه بهي ظاهر هي که اونکي بیبل مین نا قابل اطمینان عبارت یعني مشکوک فقري بهي هین—کون مشکوک فقرے—وهی جنسي خود تثلیث کو جو مسیحي عالمگیر فرقون کی اصل اصول هی صراحتہ تائید هوتي هي اور پهر کوئی دوسرا ایسا فقره نہین جس سي اوس مسئلي کو اتني بڑي تائید هو سکی - چونکه بیبل مین تثلیث کي کوئي تصریحي دلیل نتهي بلکه اسکي برخلاف توحید قدیم سي چلی آئي هي اور حضرت عیسي کي اقوال سي

بہي توحيد هي واضح هي — اور نيز مسيحيون کو الزام بہي ديا جاتا تہا که اگر تثليث اصل اصول تہي توکيون اسکي توضيح نه هوئی اور اس الزام کی وجه سي لوگ تثليث مين متزلزل هونے لگي تو تحريف سازني اوس الزام کي دفع اور اهل تثليث کي تشفي کي لئي فقره مذکوره کئي نسخون مين داخل کرديا جو آجتک اصلي نسخي سمجہي جاتي هين اور شايد يه بہي مشہور کرديا هو که قديم نسخون مين يه فقره موجود تها جسکو ايرين وغيرهم کي عياريون نے حذف کرديا تها اب همنے اوسکا پتا لگايا هے — اسي سبب سي وه فقره کئي بڑي جماعتون کے پاس آجتک جزء اصل انجيل اور تثليث کي واضح دليل سمجہا جاتا هے اور اوسکا منکر کافر ماناجاتا هے اور يہي مراد تہي تحريف سازکي جو اچہي طرح پوري هوگئي گو دوسري بڑي جماعت اوس فقري کو ديگر اصلي نسخون مين نه پاکر محض الحاق وجعل سمجہتي اور اگلي جماعت کي ساته لڑتي جہگڑتي هے اور ايک تيسري جماعت جنمين هماري مخاطب پادري صاحب بہي داخل هين شک وحيرت مين مبتلا هے که اوس فقري کو اصلي ٹہرائين که جعلي والارتياب من الکفر هان تحريف شده نسخون پر تحريف کا ايسا هي برا اثر پڑتا هے اور ايسي هي باتون سے بقاعده استدلال بالاثر علي المؤثر تحريف کا ثبوت ويقين هوجاتا هے[1] *

مولويصاحب — ايوحنا ۵ : ۷ — ۸ تين هين جو آسمان پر الخ الهامي واصلي فقره هے يانہين

پادریصاحب۔ اس آیت میں شک ہے *

التماس۔ اس بیان سے بخوبی ثابت ہو چکا کہ بیبل میں قصداً کمی بیشی ہوگئی ہے (یعنی تحریف عمدی) جسکی وجہ سے اوسمین کا ہر ایک فقرہ یقیناً کلام الٰہی نہیں ٹہرایا جا سکتا بلکہ کئی عبارتین ایسی مشکوک بھی ہو گئی ہین جنکے باب مین کسی موجود نسخے کا اتنا اعتبار نہین ہے کہ اوسکی بہروسے تصفیہ کیا جا سکے اصلی کلام کس قدر رہی پس وائے بر ہمچو کتاب *

دوسرا اعتراض۔ متی ٢٧ : ٣٥ کے متعلق۔ چنانچہ وہ عبارت یہ ہے اور اوسی (مسیح کو) صلیب پر کھینچکر اوس کے کپڑون پر (حاکم کے سپاہیون نے) چٹھی ڈالکے اونہین بانٹ لیا تا کہ جو نبی نے کہا تھا پورا ہو کہ اونہون نے میری لباس آپس مین بانٹ لئے اور میری لباس پر چٹھی ڈالے۔ اس فقرے مین پہلے مسیح کے کپڑون پر چٹھی ڈالکر آپسمین بانٹ لینے کا قصہ بیان ہوا ہے (جو اور انجیلون مین بھی موجود ہے) پھر اسکے بعد اس مضمون مین داؤد کا قول اس غرض سے مذکور ہے کہ انہون نے عیسی ہی کے حق مین اسطرح کہا تھا اور ویسا ہی ہوا مگر یہ پچھلی بات کسی دوسری انجیل مین نہین پائی جاتی لہذا اب کلام اسمین ہے کہ داؤد کا مذکور قول بطور عیسی کی پیشینگوئی کے خود متی نے اپنی انجیل مین لکھا تھا یا کسی برخوردار مسیحی نے اپنی عقید تمندی کے مارے متی کی انجیل مین الحاق کردیا ہے تا اگلی کتابون سے عیسی کی پیشینگوئی ثابت ہو جاوے حالانکہ فقرہ مذکور مع اگلے پچھلے فقرون کے داؤد نے اپنے حق مین کہا ہے

چنانچہ زبور ۲۲ : ۴ - ۶ و ۱۶ و ۱۸ و ۱۹ و ۲۱ و ۲۲ و ۲۴ - ۲۶ —
همارے باپ دادون نے تجھپر توکل کیا الخ تو نے اونہیں چھڑایا اونہون
نے تجھسے فریاد کی اور رہائی پائی الخ پر مین کیڑا هون نہ انسان
آدمیون کا ننگ هون اور قوم کی عار الخ کتے مجھکو گھیرتے هین شریرون
کی گروہ میرا احاطہ کرتی هی الخ وے میری کپڑے آپسمین بانٹتے
هین اور میری لباس پر قرعہ ڈالتے هین پرتو اے خداوند دور
مت رہ الخ تو نے میری سنگے بچا پاهی الخ مجمع مین تیرا ثناخوان
هونگا الخ اسکی ستائش کرو الخ اوس نے دردمند کے (میری) درد
کی تحقیر نہین کی الخ نہ اوس نے اوس سے (مجھہ سے) اپنا منھہ
پھیرلیا بلکہ جب اوس نے (مین نے) اوسکو پکارا اوس نے جواب دیا
الخ اپنی نذرین ادا کرونگا وے جو حلیم هین کھاوینگے اور سیر هووینگے
وے جو خداوند کے طالب هین اوسکی ستائش کرینگے تمهارا دل ابدتک
جیتا رهے — پس یہان سے ظاهر هے کہ باغیون نے جب حضرت داؤد
کو گھیر کر قتل کا ارادہ کیا اور ساتھہ هی اونکی بادشاهانہ فاخرہ پوشاک
پر جو هنوز چھینی نہ گئی تھی یا چھین لی گئی تھی باهم قرعہ ڈالنے
لگے تو داؤد نے اپنی یہ تباهی و مظلومی اپنی دعا وزاری مین ذکر
کرکے خدا سے مخلصی چاهی اور خدا نے اونہین رهائی بخشی جسپر
اونہون نے مجلس کرکے خدا کا شکریہ کیا اور سب اهل مجمع سے شکر
کروایا اور اونہین دعائین دین پس یہ زبور داؤد هی کی شان کے
مطابق هے نہ حضرت عیسی کے مناسب حال جو بقول نصاری دشمنون
سے چھوٹ نہ سکے بلکہ صلیب پر چڑھائے جاکر مایوسی کے نعرے مارتے

هوئي اور خدا انکی ياري چهوڑديتے پر آہ کرتے هوئي مرگئے باايں‌همه تحريف سازنے فقره مذکوره کو ازراه تحريف معنوي عيسي کي شان مين ٹهراکر متي کي انجيل مين بطور تحريف بالزيادت داخل کرديا هي تا وه نغمهٔ داؤدي حضرت عيسي کي صليب اور اونکے کفاري کي متعلق امرکي پيشينگوئي ٹهرجاوي چنانچه تحريف سازکي حسب دلخواه عبارت مذکوره آجتک حضرت مسيح کي پيشينگوئي اور جزو انجيل متي سمجهي جاتے هي اور جو لوگ اوس فقري کے اسطرح قائل نهين هوتے گو اور طرحسے قائل هون بيدين خيال کئے جاتے هين هان جب ذي علم کسي مسئله کي تائيد مين تحريفين اور عياريان کرتے هين تو انکا ويسا هي برا اثر کتاب و ملت پر پڑتا هي*

مولويصاحب — متي ۲۷:۳۵ تاکه جو نبي ني کها تها که اونهون نے ميرا لباس بانٹ ليا اور ميري لباس پرچهٹي ڈالي پورا هووي - کيا يه الفاظ الهامي هين يا الحاقي *

پادريصاحب — يه سهو کاتب هي اور کاتب الهامي نتها پس اوسکا سهو بهي الهامي نهين ليکن يوحنا کي انجيل اور زبور مين يه آيت موجود هي *

التماس — اولاجب انجيل متي مين يه عبارت سهو کاتب سي درج هوگئي هے تواسي سي صاف تحريف غيرقصدي ثابت هوگئي مگر بيبل کي لکهوانی والي جمعيتين کيسي ناخداشناس تهين که بعد لکهوالينے کے اصل و نقل کا مقابله کرکي کاتبون کي سهو ياحرا في سی کلام الهي کو پاک نه کرسکی بلکه اون خانه برانداز غلطيون کو رهنے ديا

اور خود بیبل کي خرابي کے باعث هوئي گويا اپنيهاتهون اوسکو بگاڑا ثانيا سهوکاتب سي کسي لفظ کا چهوٹ جانا يا کسي متشابه حرف کا بدل جانا هو سکتا هی لیکن اسقدر لنبي چوڑي عبارت بهت ساری نسخون مین داخل هو جانا ممکن نهين جبتک قصد مدد ندي جيسی اوپر مذکور هوا ثالثا يوحنا کي انجيل وغيره مين صرف مسيح کی کپڑي بانٹ لئي جانيکا قصه ذکر کيا گيا هي نه که زبورکي عبارت مذکوره عيسي کي پيشينگوئی ٹهرادي گئی هي (جيسي متي کي انجيل مين تحريف سازنی کيا هي) پس يوحناکي انجيل اس خاص باب مين متي کي موافق نهين هو سکتي تو پهريه دونو انجيلين اس خاص امر مين باهم موافق هونيکا زعم جو پادري صاحب ني کيا هي محض باطل وعاطل هی الغرض يهان سي بهي ظاهرهي که بيبل مين کسي مطلب کي لئي تصرف والحاق هوگيا هي جسکي وجه سي پادري صاحب کو سهوکاتب کا آسرا لينا اورساري بلا بيچاري نقل نويس پرڈالد ينا پڑامگراوس الزام سي انهين کهان آسرا هي جو پهلي وجه اور تمهيد مين مذکور هي کلا لا وزر *

تيسرا اعتراض ـــ متي ۲۴ : ۳۶ کي نسبت چنانچه وه عبارت مروج نسخون مين اسطرح هے ليکن اوس دن اورگهڑي کو ميري باپ کے سوا آسمان کے فرشتون تک کوئي نهين جانتا ـــ ليکن کئي معتبر قديمي نسخون مين يه عبارت يون پائي گئي هي (اوسدن اور گهڑي کو ميري باپ کي سوا کوئي نهين جانتا نه آسمان کی فرشتے

نہ بیٹا) چونکہ اس سے بیٹا یعنی مسیح قیامت کے وقت سے ناواقف ہوکر بندہ محض ٹہرجاتا ہے اور اس سے تثلیث تین تیرہ ہوجاتی ہے اسلئے رواجی نسخوں میں سے بطور تحریف بالنقصان یہ لفظ (نہ بیٹا) نکالدیا گیا ہے اور یہ نسخے عموماً اصلی نسخے ٹہرگئے انہیں ناقص نسخوں کے ترجمے انگریزی عربی اردو وغیرہ میں آجتک مروج ہیں *

مولویصاحب — متی ۲۴ : ۳۶ میں کوئی تصرف ہوا ہے یا نہیں

پادریصاحب — تصرف ثابت نہیں تفسیر (اسکاٹ) سے *

مولویصاحب — رویزڈورژن (نسخہ ترمیم شدہ کمیٹی) میں یہ لفظ (اور نہ بیٹا) بڑھادیا گیا ہے اور رواجی سب نسخوں میں نہیں ہے پس اس سے تصرف ثابت ہوا کہ نہیں *

پادریصاحب — اس سے ثابت ہوا کہ آیت مذکور ترمیم طلب تہی

التماس — پہلے سوال کے جواب میں تو پادریصاحب نے اوس فقرے میں تصرف ہونے ہی کا انکار کردیا تہا لیکن جب رویزڈورژن سے بتلایا گیا کہ یہ لفظ (اور نہ بیٹا) بڑھادیا گیا ہے تو اب اونکو ناچار اپنے اگلے انکار کے برخلاف تصرف کے قائل ہونا یعنی ترمیم کا اقرار کرنا پڑا گو لفظ تصرف نہ کہا مگر ترمیم کا یہی مطلب ہے کیونکہ ترمیم جب ہی ہوتی ہے کہ پیشتر کسی نہ کسی طرح سے تصرف و خلل ہوگیا ہو — اس ترمیم یا تصرف کی ضرورت اسلئے ہوئی کہ اوس لفظ سے عیسے عالم الغیب یعنی خدا ہونے کی نفی نکلتی ہے جسکی سند سے موحدین اہل تثلیث کو سخت الزام دے سکتے ہیں

اور نیز اوائل میں جن ملکوں میں متي کي انجیل هي کا رواج تہا وهان کے لوگ اوس لفظ کے سبب سے تثلیث میں متزلزل هو رہے تہے اسلئے وهان کے ذي علموں نے اون لفظوں کو متي کے رواجي نسخوں میں سي نکال ڈالا چنانچہ ابتک اون نسخون مین ندارد هے اور چونکہ اوس وقت اون ملکون میں مرقس کی انجیل کا رواج نہوا هوگا اسلئي اوسمیں سي اوس لفظ کي قطع و برید کي ضرورت نہو ئي اور نہ وهان کے موحدین اوس انجیل کي سند سے اهل تثلیث کو الزام دیسکتے تہے الغرض متي کی انجیل کے رواجي نسخون میں سے اوس لفظ کو نکالدینا (جسکا نام تحریف بالنقصان هے) قصدا هوا مگر آخر ریوژن کمیٹي نے انصاف کوکام فرما کے قدیمی نسخون اور انجیل مرقس کی سند سے اون الفاظ کو داخل کرکے متي کي انجیل کي ترمیم کي جسکي وجہ سے موحدین کي هاتهون تثلیث کي بوري خانہ خرابي هو ئي جاتي هي بهرحال اوس انجیل میں پیشتر ایک طرح کا تصرف کیا گیا تہا اور اب ایک قسم کا تصرف هوا خدا جانے آیندہ اور کیا کیا تصرفات و ترمیمات کرنا هوگا هان تحریف ایسي هی ترمیم طلب خانہ خرابیان کردیتي هي *

چوتہا اعتراض ــــ اتمطاؤس ٣ : ١٤ و ١٦ کي نسبت یہ خط پال صاحب نے اپنے معتقد تمطاؤس کو لکہا تہا جسکو نصاري انجیل کا ایک حصہ سمجہتے هین ــ اوسکي عبارت جسکا اوپر اشارہ کیا گیا هي مروجہ نسخون مین اسطرحپر هي (مین اس امید پر کہ تجہہ پاس جلد آؤن یہ باتین تجهي لکہتا هون پر اگرمجہہ سے دیري هو جائے تو توان سے جان سکے

کہ خدا کے گھر مین جو زندہ خدا کی کلیسیا اور راستي کا ستون اور اوسکي بنیاد هےکیونکر گذران کیاچاهئے اور بالا تفاق دینداري کا بھید بڑا هي یعنے خدا جسم مین ظاهر کیا گیا روح سے راست ٹھرا یا گیا فرشتون کو دکھائي دیا غیرقومون مین اوسکي منادي هوئي دنیا مین اوسپرایمان لائے جلال مین اوٹھا یا گیا — اس عبارت کے ۱۶ فقري مین یہ لفظ (یعنے خدا) نوساختہ هي — اصل قدیمي نسخون مین یہان لفظ (جو) هي یعنے اصل عبارت یون تہي (دینداري کا بھید بڑا هي جو جسم مین ظاهر کیا گیا) یعنے پال صاحب حضرت عیسی کو بطور استعارہ دینداري کا بھید اور اونکے جسم کو اوس بھید کا مظهر کہتي هین جیسے محاوري مین کسي کي تعریف مین کہا جاتا هی انصاف مجسم اور مظهر راز کرم وغیرہ لیکن حضرت عیسی کے نادان معتقدون یا متعصب مسیحیون نے اس تعریف مین حضرت عیسي کا نقص سمجھکر اصل لفظ (جو) کوکاٹ اور میت کے خدا کا لفظ بنادیا جسکو تحریف بالتبدیل کہتے هین تا بیبل مین حضرت عیسي کی خدائي کي صاف صریح دلیل پیدا هو جائے چنانچہ تحریف ساز کے حسب منشا وہ تحریف شدہ کلمہ جبتک اوس جعل کی حقیقت (کئي صدیون کے بعد) نہ کہلي اصلي والهامي لفظ سمجھا گیا بلکہ آج بھي بہتون کو یہي خیال هي اس جعل کو سب سے پہلي علوم جدیدہ کے آدم اول ایزک نیوٹن نے جو عیسائیت مین بڑا هي متعصب تہا بڑي عرقریزیون کے بعد پا یا کہتے هین کہ بیبل کے کسي لفظ کي تحقیق مین اتنی دقت نہوئي جو اس لفظ کي تحقیق مین هوئي یہان سے ظاهر هي کہ دین مسیحي مین حضرت

عيسي كي خدائي كا اعتقاد محض نو ساخته هي اور يه بهي واضح هي
كه بيبل مين خاص خاص مقصدون كے لئے نهايت مكروه طور سے
تحريف و جعل هو گيا هي *

مولوي صاحب — ا طمطاوس ۳ : ۱۶ بالا تفاق دينداري كا بهيد بڑا
هي يعني خدا جسم مين ظاهر كيا گيا — اس ورس مين لفظ خدا كسي
قديم نسخے مين هي يا نهين *

پادري صاحب — مين نهين كهه سكتا كتنے نسخون مين لفظ خدا
كا هي اتنا كهه سكتا هون كه اكثر نسخون مين نهين هي اور بجاي اسكے
هاس هي جسكے معني جو هي اور يه لفظ واسطے مذكر كے يوناني مين
استعمال هوتا هي اور بعض نسخون مين لفظ هوكا هي جو غير انسان
كے واسطے مستعمل هوتا هي *

مولوي صاحب — گبن كا قول هي كه اصل مين لفظ يوناني هو (انگريزي
وچ) اردو (جو) تها — اسكو عيسائيون نے حضرت مسيح كي الوهيت ثابت
كرنيكي لئے تهياس يعني خدا بناديا اور فاضل نيوٹن نے اس امر كو نهايت
هوشياري كے ساته دريافت كيا — چنانچه گبن كي عبارت يه هي :—

1. Timothy III, 16. The word Ó (which) was altered to Θεος (God) at Constantinople in the beginning of the the 6th Century; the true reading which is visible in the Latin and Syriac versions still exists in the reasoning of the Greek as well as of the Latin Fathers; and this fraud with that of the *three witnesses* of St. John is admirably detected by Newton.

چهٹي صدي كي ابتدا مين ا طمطاوس ۳ : ۱۶ مين لفظ يوناني هو (جو)
بدلا يا جاكر لفظ تهياس (خدا) بناديا گيا — اصل عبارت جو لاطيني اور

سرياني ترجمون سے ظاهر هي ابتک يوناني اور لاطيني قديم علما کي تحريرون مين موجود هي ـ اس جعل کو اور نيز قديس يوحنا کے آسماني تين گواهون کے متعلق جعل کو نيوٹن ني نهايت قابل تحسين طور پر دريافت کيا هي ـ اسکی نسبت آپکی کيا راي هي *

پادريصاحب ـ گبن کي قول کي نسبت مين کچه نهين کهه سکتا اونکا قول اونکي اس وقت کي معلومات کي مطابق هي *

لالتماس ـ هان جب تحريف ثابت کردي جاتي هي تو تحريف شده کتاب کا متعقد کچه کهه نهين سکتا کيونکه اگر تحريف کا اعتراف کرلے تو کتاب ستياناس هوي جاتي هے اور اگر اعتراف نکري تو اگلے محققين کا خلاف هوا جاتا هے اسي خوف کے ماري پادريصاحب يهان صم بکم هوگئے هين فهم في ريبهم يترددون الغرض خوب ظاهر هوگيا که عيسي بنده خدا کو خدا ٹهراني کي فاسد غرض سے اصل لفظ (جو) کو کاٹ کر بڑي جرأت سے (خدا) کا لفظ بنا ديا گيا اور يهي جعلي لفظ مدتون کلام الهی سمجها گيا جس سے تحريف ساز کا ارمان خوب برآيا کيا خدا جاني اسيطرح اور کيا کيا ارمان برآئے اور برآرهے هين بس ايسي کتاب جو تصرف کا دست مال بنگئي هو کسي طرح وثيقه نهين ٹهر سکتي *

پانچوان اعتراض ـ يوحنا ۷ : ۵۳ و ۸ : ۱ ـ ۱۱ کی نسبت جنکا حاصل يه هے که يهود کے محدثين اور فقها ني ايک عورت کو جو زنا مين پکڑي گئي تهي پيش کرکي اور توريت مين موسی کي طرفسي ايسی عورتون کي نسبت رجم کا حکم ذکر کرکي عيسي سي فتوي پوچها تو عيسي

سر جهکا کے دیر تک زمین پر لکهنے لگے گئے پهر علما کے اصرار پر سرا وٹها کے فتوي دیا که تم مین کا بیگناه پهلے اوسکو پتهر ماري اسپر وه شرمنده هوکر چلے گئے جب عورت اکیلي ره گئي عیسے نے اوسکو یه کهکر که دوباره گناه نکر یون هي چلادیا — یه قصه علماي یهود کے دشمن مسیحیون کا خانه ساز معلوم هوتا هے کیونکه جب ظاهرا اون لوگون کي بدکاري ثابت نهوئي اورا ولٹے وه حضرت مسیح اور اونکے والده صدیقه پر اقسام کے گمان کرتے تهے جسکا رد قرآن نے بهي کیا هے (وبکفرهم وقولهم علي مریم بهتانا الخ) تو مسیح کے عیار عقید تمندون نے طیش مین آکے کل علماي یهود کو بدکار ٹهرانے کے لئے اپني الهامي کتاب مین ایک داستان هي گهڑدي که جب وه ایک عورت کو زنا کے قصور مین پکڑلائے تهے تو حضرت عیسي نے اون سبهون کوا ونکے منه پر بدکار ٹهرادیا وه اپنے پتے کي سنکر شرم کے ماري بهاگ گئے جب یه قصه رواجي نسخون مین داخل هوکر عموما اصل انجیل سمجها جانے لگا تو دوسرون نے دیکها که اسکي وجه سے کئي سخت اعتراض وارد هوتي هین (۱) عین زنا مین پکڑي هوئي عورت کو مفت چهوڑدینا جسکي وجه سے اس بیباکانه خیال کي وسعت هوئي که شاید اوس عورت کو دیکهتے هي انهین العیاذ بالله نقل کفر کفر نباشد اپني والده اور کئي نانیان یاد آگئین اسي دهن مین یه رعایت کیگئي (۲) عورت صرف اس سبب سے که زنا مین پکڑي جاوے

۲ از روي توريت رجم كي مستحق ٹهرجانا جسكا اعتراف علماي
يهود نے كيا اور حضرت عيسي ني بهي اس بات كو مسلم ركها
حالانكه ايسي حكم كا پتا هي ندارد يا آنكه توريت مين اوس
وقت اس قسم كا رجم موجود تها پهر نكالديا گيا اس سي توريت
مين تحريف بالنقصان ثابت هوجاتي هي (۳) رجم كي سزاوار
كو پهلي پهل بيگناه آدمي پتهر مارني كي نوترا شيده شرط جونه
توريت مين هي نه كسي اور نبي كي كتاب مين جسكا مآل يه هي
كه كسي مستحق رجم كو رجم هي نكيا جاوي كيونكه كوئي امتي بيگناه
هونهين سكتا هي كه ايسي مجرمه كو رجم كري پس يه درحقيقت
توريت كي حكم رجم كي تعطيل (يعني ٹالدينا) هي حالانكه خود
متي ۵ : ۱۹ مين توريت كا چهوٹا سا حكم ٹالديني والا بهي خداكي
بادشاهي مين محقر وخوار ٹهرايا گيا هي تو يه وعيد آخر عيسى
هي كی حق مين ٹهرجاتي هي اور قضي الرجل علي نفسه كا ساحال
هوجاتاهي يا آنكه اوس وقت توريت مين شرط مذكور موجود تهي
اسيواسطي حضرت عيسي ني اوسطرح فتوي ديا جسكا انكار علماي
يهود كر نه سكي مگر چونكه يه لوگ اوس حكم سی ملزم هوئي تهي
اسلئي آخر چلكر رواجي نسخون مين سي وه شرط هی نكال
ڈالي پس اس سي توريت مين تحريف لازم آتي هي (۴) جب
بيگناه پهلي رجم كرنا چاهئي تها تو عيسي تو بيگناه تهي اور
خود توريت كي احكام كو كامل كرني آئي تهي (متي ۵ : ۱۷) تو
كيون خودهي ني پهلي پتهر ماركي اوس حكم كو كامل نهين كرديا ـ كيا

وہ بہي علماي يہود کی طرح گنہگار تہي يا يہہ کہ توريت کي احکام
کي تکميل کا دعوي لاف وگزاف تہا — غرض ان اعتراضات والزامات
سے تنگ آکر اور گہبرا کي دوسرون ني اوس قصي هي کو رواجي
نسخون مين سے نکالديا اور يہ نسخي بہي اصل نسخی ٹہر گئي
جنکي وجہ سي اهل کتاب اس قصي کي نسبت دو فريق هوکر آجتک
باهم نزاع وخصومت کررهي هين الحاصل يہان سي بہي واضح هي کہ
اهل کتاب اپني بيبل مين (جيسی کچہہ موقع بنا) خاطرخواہ تصرف
کرتي رهي هين جسکي وجہ سي اونکي کتاب کسي بات مين وثيقہ
نہين ٹہر سکتي *

مولويصاحب — يوحنا ۷ : ۵۳ و ۸ : ۱ـ۱۱ جملہ بارہ آيتين آياسب
قديم نسخون مين پائي جاتي هين *

پادريصاحب — اکثر قديم نسخون مين يہ آيتين نہين هين اور
جنمين پائي جاتي هين اونمين بہي باختلاف الفاظ پائي جاتي هين *

مولويصاحب — جن نسخون مين يہ آيتين نہين پائي جاتي هين
انمين سے يہ آيتين نکالدي گئي هين يا يہ کہ جنمين موجود هين
اونمين داخل کردي گئين *

پادريصاحب — اندروني دليل سے ان آيتون کي سچائي ثابت هوتي
هي يعني جو قصہ اون آيتون مين مذکور هي وہ حضرت مسيح کي
صفات کے لائق هي اسلئے قرين قياس هي کہ وہ آيتين سچي هين اور
جنمين يہ آيتين نہين هين کاتبون نے اپنے اس غلط خيال سے کہ کسي
پڑہنے والے کے ٹہوکر کا باعث نہو کہ خداوند نے مجرم عورت کو چہوڑ

دیا ان آیات کو نه لکھا اسلئے دونو نسخے جھوٹھے نہین ہو سکتے صرف یہی فرق ہے که ایک مین کاتبون نے ان آیات کو نہین لکھا *

المعامن — اوّلا تماشا ہے که جو قصه اگلے بزرگون نے حضرت مسیح کے نالائق شان سمجھکر بیبل مین سے نکال ہی ڈالا اب پادری صاحب اونکے برخلاف اوسکو شایان شان مسیحی سمجھ رہے ہین اور ناخلفی کے الزام سے ڈرتے نہین ثانیا پادریصاحب کے اظہارات سے واضح ہے که جس جانب اکثر نسخے ہون وہی اونکے نزدیک صحیح ومعتبر ہے تو پھر جب یہان اونکے اعتراف سے یوحنا ۸: ۱ و۱۱ بہت ساری نسخون کے نظر کرتے داخل انجیل نہین ہین تو چاہئے تھا که انہین نسخون کے اعتبار پر اون فقرون کو جزء انجیل نه سمجھین پھر کیون اسکے برخلاف فقرات مذکورہ کو اصل بیبل سمجھ رہے ہین جس سے اکثر نسخون کا پادریصاحب کے پاس معتبر نہونا لازم آتا ہے کالتی نقضت غزلها من بعد قوة *

مولویصاحب — جن نسخون مین سے یه آیتین نکالدی گئین اونمین کلام الہی کا نقصان ہوا یا نہین *

پادریصاحب — کلام الہی کا نقصان اسطور سے نہین ہوا که وہ اون آیتون کی بغیر جسقدر تھا سارا خراب ہوگیا ہو صرف اسقدر نقصان کلام الہی کو پہنچا که اوسمین سے چند آیتین کم ہوگئین لیکن اوسکی مقابلی مین سالم نسخے موجود ہی *

المعامن — جب کئی نسخون مین کلام الہی کو اتنا نقصان پہنچا که ایکدم سی بارہ آیتین اوسمین کم کردی گئین تو ان نسخون مین

قصدي تحريف بالنقصان ثابت هوگئی چنانچہ پادري صاحب بهي قايل هين که وه آيتين عمدا نکالدي گئي هين تو پهرا نکا يه قول که سالم نسخي بهي موجود هين بالکل بيموقع هي کيونکه جب کئے نسخون مين سے وه فقري نکالے گئے يا اون نسخون مين تهي هي نهين تو دوسري چند نسخون مين اونکے هونے سے خواه مخواه وه نسخے سالم يا وه فقري اصلي نهين ٹهرسکتے کيونکه ايک بڑاگروه کهتا هي که وه فقري بطور تحريف بالزيادت درج کردئي گئے هين جسکے مقابلے دوسری بڑي گروه کا يه زعم هے که جن نسخون مين وه فقري نهون اونمين تحريف بالنقصان هوئي هے غرض که اس خاص مقام مين بهي عيسائيون کا ايک گروه دوسري گروه کو تحريف کا الزام دي رها هي هان جب قطعا تحريف هوچکي هي تو ضرور يه ساري خانه خرابيان هوني هين ۰

چهٹوان اعتراض ـــ مرقس ۱ : ۲ ـ ۴ کے متعلق چنانچه وه عبارت مروجه نسخون مين اسطرحپرهي (۲) جيسا نبيون کي کتابون مين لکها هے که ديکه مين اپنے رسول کو تيری آگے بيهجتا هون وه تيري راه کو تيري سامهنے تيار کريگا (۳) بيابان مين ايک پکارنيوالے کي آواز هي که خداوند کي راه کو بناؤ اوراوسکے راستون کو سيدها کرو (۴) يوحنا (يحيي عليه السلام) بيابان هي مين بپتسما ديتي تهي اور گناهون کي معافي کے لئے توبه کي بپتسما (غسل) کی منادي کرتے تهي (که لوگ آنکرگناهون کا اقرار کرکے انکے هاته سے بپتسما لين تا گناه معاف هون) ـــ اس عبارت

مین دو فقري (دیکه مین الخ اوربیا بان مین الخ) دو پیغمبرون کي کتابون سے لئےگئے هین پهلا فقره ملاکي ۳ : ۱ هی جسمین مرقس نے کچه تصرف بهي کردیا هي اوررسول سی یحیي کو مراد لیکر حضرت عیسی کے آگے اونکا آنا اوراونکے ها تهون عیسي کي دعوت و تعلیم کي پیش بندي هونا اوس فقري کا مضمون ٹهرایا هے اور دوسرا فقره اشعیا ۴ : ۳ هی جسمین مرقس نے تحریف معنوي کرکے پکارنیوالے سے یحیي اور بیابان اورخداوند کي راه سے عیسي کي تعلیم وغیره مراد لي هي تا اگلي کتابون سے بهي عیسي کي اورانکے طفیل مین یحیي کي بشارت ثابت هو جائے اور یهود کے عوام دهوکا کها کي مسیحي بن‌جائین مگر درحقیقت ملاکي نبي کي آیت مکوبیون کی سلطنت کی بشارت معلوم هوتي هي کیونکه جب مشرک پادشاه انتیوکس‌ني بیت المقدس کو فتح کرکے وهان بت پرستي قائم کردي تهي تو ایک مرد خدا یکایک اوس پادشاه کے مقابلے مین کهڑا هو گیا اوراپنے چند قرابتیون اوراحباب کو لیکر خدا کی مدد سے انتیوکس کو بهگا دیا اور بیت المقدس کو فتح کرلیکروهان آپ پادشاه هوگیا اسیکي نسل مین ڈهائي سو برس تک یهودي سلطنت قائم رهی چونکه یه پادشاه نیک نفس دیندار اور بنی لوي یعنے اماماں بني اسرائیل کے خاندان سے تها اسلئے ملاکی نبي کي اصل عبري عبارت مین خدا نے اسکو اپنا ملانک یعنے فرستاده فرشته یا امام کہا هي چنانچه رومن کا تهلک کي انگریزي ترجمي مین بهي اس فقرۂ مین فرشتي هی کا لفظ هي یا آنکه اوس فقرۂ مین اوس فرشتي

کی طرف اشارہ ھي جسکي مخفي کارپردازي سے اوس مکوبی سلطنت
کي باني کو انتیوکس جیسی قاھر بادشاہ پر فتحمندي حاصل ھوئي تھي رھا
خدا کي راہ کو درست کرنا سو وہ مدت درازتک شرعي سلطنت قائم
ھوني کا کنا یہ ھي جیسي مکوبیون کے وقت مین واقع ھو چکا اور اس
سلطنت کا باني تھا جو یکایک بیت المقدس مین پنھچا اور پاد شاہ ھوگیا
اب رھا اشعیا کا فقرہ سو یہ علماے یہود کي نزدیک بني اسرائیل
بابل کي قید سي چھوٹکر بیت المقدس کو واپس آني کي بشارت ھي
اسمین پکارني والي سي فرشتہ مراد ھي اور خداوند کی راہ سي
خداوند کے لوگون کي راہ مقصود ھي جسپرسي اونکو بیت المقدس
آنا ھوا تھا اور راستہ درست کرنے کا حکم زمین کے باشندون
یا غیبي کارپردازون کو ھوا ھي یعني بني اسرائیل کي اعزاز کی لئي
خدا نے فرشتون کو غیبي طور پر انکي سفري راھون کا مہتمم کر دیا
تھا یا آنکہ بطور استعارہ کھا گیا ھے کہ اوس راستے مین ایسي
راحتین بني اسرائیل کو ھونگین گویا خدا نے فرشتون وغیرہ کو
بھیج بھیج کر اور اونسي ندائین کروا کے سب سامان مھیا کردیا ھے
غرضکہ یہ سب حضرت عیسي سے صدھا سال پیشتیر بني اسرائیل کے لئے واقع
ھو چکا چنانچہ وہ باعزاز تمام بیت المقدس کو واپس آچکے مگر
مرقس نے ان سب باتون سے آنکھین بندکرکے اون دونو فقرون کو عیسی
